نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

PH. 042-99200729, 99200731, Email: mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلی سطحی اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ اور گرین ٹریکٹر سکیم کی ٹائم لائنز اور اب تک کی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔

وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق زرعی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی کیلئے ترجیحاً اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور، 5 ستمبر 2024: وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ اور گرین ٹریکٹر سکیم کاشتکاروں کی خوشحالی کے لیے ایک گیم چینجر ثابت ہو گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اب تک 8 لاکھ سے زائد کاشتکاروں کی وزیر اعلی پنجاب کسان کارڈ کے لیے رجسٹریشن کا عمل مکمل ہو چکا ہے اور سکروٹنی کے بعد بینک آف پنجاب نے 2 لاکھ 80 ہزار سے زائد کاشتکاروں کی وزیر اعلی پنجاب کسان کارڈ کہ حصول کے لیے تصدیق کر دی ہے۔ صوبائی وزیر زراعت و لائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی آج زراعت ہاؤس لاہور میں وزیر اعلی پنجاب کسان کارڈ اور گرین ٹریکٹر سکیم کی ٹائم لائنز اور اب تک ہونے والی پیشرفت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت پنجاب نے کہا کہ جن نان کمپیوٹرائزڈ موضع جات کی وجہ سے کاشت کاروں کو کسان کارڈ کے حصول میں دشواری تھی وہاں مینوئل تصدیق کیلئے خصوصی ٹیموں کی تشکیل دے دی گئی ہے اور کاشتکاروں کو پیغامات ارسال کیے گئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کسان کارڈ کاشتکاروں کی مستقبل میں پہچان ثابت ہو گا۔ حکومت پنجاب کے تحت ملنے والی ہر سبسڈی کسان کارڈ کے ذریعے کاشتکاروں کو فراہم کی جائے گی۔ کسان کارڈ کی فراہمی کے لیے اب تک 137 ڈلیوری سینٹر تحصیل کی سطح پر قائم کر دیے گئے ہیں۔ اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ یہ کسان کارڈ گندم کی خریداری کے زرعی مداخل کیلئے آپریشنل ہو گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ کسان کارڈ سے کاشتکار صوبہ بھر میں 2160 رجسٹرڈ ڈیلر سے بیج، کھاد و دیگر زرعی مداخل کی خریداری کر سکیں گے۔ ان کسان کارڈ سے خریداری کے عمل کی باقاعدہ مانیٹرنگ بھی کی جاسکے گی۔ وزیر زراعت پنجاب نے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ تحصیل مراکز میں پینا فلیکسز پر یہ بات اویزاں کی جائے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب گندم کی فصل سے متعلق خریداری کی جاسکے گی۔ گرین ٹریکٹر سکیم سے متعلق پیشرفت کا جائزہ لیتے ہوئے وزیر زراعت پنجاب نے کہا کہ صوبہ بھر میں وزیر اعلی پنجاب گرین ٹریکٹر سکیم کے تحت 9500 ٹریکٹرز کاشتکاروں کو فراہم کیے جائیں گے اور حکومت پنجاب نے اس ضمن میں 9 ارب 50 کروڑ روپے کی سبسڈی فراہم کرے گی۔ ان ٹریکٹرز کے لیے ضلعی کوٹے کے تناسب سے شفاف انداز میں ڈیجیٹل قرعہ اندازی کی جائے گی۔ بعد ازاں، وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے لاہور تحصیل کے مرکز برائے فراہمی وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر نے فرنٹ ڈیسک اور ڈلیوری پوائنٹ کا بھی معائنہ کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو، صدر بینک آف پنجاب مسعود ظفر، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہری عبدالحمید، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں اور گروپ چیف کارپوریٹ اینڈ انویسٹمنٹ بینک آف پنجاب نوفل داؤد سمیت دیگر اعلی افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔

☆☆☆☆